فروری 2022 | B.Ed Regular (بی۔ایڈ (ریگولر)) | III Semester تیسرا سمسٹر

پرچہ : اسکول انتظامیہ

Paper - B9ED302CCT : School Mangement

وقت : Time : 2 Hrs گھنٹے | جملہ نشانات : Maximum. Marks 35

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 08 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 5 = 25 Marks)**
2. حصہ دوم میں 02 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 1 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(1x10= 10 Marks)**

حصہ اول

1. تعلیمی نظم و نسق اور تعلیمی انتظامیہ کے بیچ فرق کو اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔
2. ''اسکول معاشرے کا عکس ہوتا ہے'' دیے گئے جملے پر اظہار خیال کیجیے۔
3. اسکولی نظام الاوقات کے اقسام بتاتے ہوئے، اسکولی نظام الاوقات بنانے کے چند اہم اصول قلم بند کیجیے۔
4. اسکول بجٹ کو تیار کرنے کے مختلف مراحل تحریر کیجیے۔
5. ہندوستان میں اسکولوں کو تعلیمی بورڈ کے ساتھ الحاق (Affiliation) کی بنیاد پر کس طرح درجہ بندی کی جاسکتی ہے؟
6. درج ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔
   (i) اسکول کیلینڈر
   (ii) اسکول اسٹاف میٹنگ
7. ایک بہترین اسکول کی عمارت کی اہم خصوصیات تحریر کیجیے۔
8. کسی تعلیمی ادارے کو بہتر انداز میں چلانے کے لیے اسکول رکارڈس کے کردار اور رکھ رکھاؤ سے جڑے ہوئے اہم نکات اجاگر کیجیے۔

حصہ دوم

9. صدر مدرس کے فریضہ اور اہلیت بتاتے ہوئے طلبا اور تدریسی عملہ کے ساتھ اسکی ہم رشتگی پر تفصیل سے روشنی ڈالیے؟
10. کسی اسکولی تنظیم کے کام کرنے کے بنیادی اصولوں کی وضاحت مثالوں کے ساتھ پیش کیجیے۔

☆☆☆